© rasailojaraid.com

تبصرے

روح اللغت - مرتبہ مولانا محمد جمیل بجنوری۔ تقطیع خورد ضخامت ۹۴ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد عہ پتہ :- علمی مرکز جیب والہ ضلع بجنور (یوپی)

عربی زبان کی جہاں اور بہت سی خصوصیات ہیں ایک خصوصیت یہ بھی ہو کہ اکثر و بیشتر الفاظ کے اصل مادہ میں کسی خاص معنی کی رعایت ہوتی ہو اور اس کے تمام مشتقات میں وہی معنی ملحوظ ہوتے ہیں مثلاً ج۔ ن سے جو لفظ بھی مشتق ہوں اُس میں پوشیدگی کے معنی پائے جائیں گے مثلاً جن۔ جناں جنین۔ جنون وغیرہ ہمارے استاذ ادب مولانا محمد اعزاز علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو اس کا خاص ذوق تھا اور وہ اپنے درس میں الفاظ مفردہ پر کلام کرتے ہوئے اس چیز کو خاص طور پر بڑی اہمیت سے بیان کرتے تھے۔ لائق مؤلف نے جو خود گلشنِ اعزازی کے خوشہ چین ہیں حضرت الاستاذ کے انھیں افادات کی روشنی میں اس کتاب میں پہلے لفظ کے اصل مادّہ کے معنی بیان کئے ہیں اور اُس کے بعد کتب لغت کی مدد سے اس کے متعدد مشتقات بیان کر کے اُن کے معانی لکھے گئے ہیں اور درمیان میں موقع بموقع عربی اشعار یا قرآن مجید کی آیات سے استشہاد بھی کرتے گئے ہیں۔ اس خاص ترتیب کے پیش نظر یہ کتاب اردو زبان میں غالباً اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہو اور اس لئے عربی زبان کے طلبار کے لئے بقامت کہتر ہونے کے باوصف بقیمت بہتر ہی عام اُردو خواں حضرات بھی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

یورپ نامہ۔ حصّہ اوّل - از حکیم محمد سعید صاحب دہلوی۔ تقطیع متوسط ضخامت پانچسو صفحات۔ کتابت و طباعت اعلیٰ۔ قیمت مجلّد ؏ آٹھ روپیہ۔ پتہ :- ہمدرد اکیڈمی۔ نیو ٹاؤن۔ کراچی - ۵

لائق مصنف حکیم حاجی عبد الحمید صاحب متولی ہمدرد دواخانہ دہلی کے برادر عزیز ہیں۔ طب یونانی کے اس دورِ انحطاط و کس مپرسی میں قدرت نے ان دو بھائیوں سے اس فن شریف کے لئے مسیحائی کا کام لیا ہو چنانچہ ان دونوں بھائیوں کی غیر معمولی محنت و انہماک۔ ذوقِ تحقیق و جستجو اور طب کے ساتھ قلبی و روحانی لگاؤ

© rasailojaraid.com